ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(239)

مورخہ 27/04/2023

# بہاولپور(        )پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈان۔مختلف مقدمات میں 05ملزمان گرفتار۔منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد،شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے منفی عناصر کا بھرپور تعاقب کیا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے بہاولپور پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور ایکشن لیا۔جس کے نتیجے میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے منشیات،شراب اور اسلحہ ناجائز برآمد کر لیا۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے مخبر کی اطلاع پر حق نواز کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 50لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔ تھانہ سول لائنز اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02ملزمان متین احمد اور محمد حسن عرف حسنی کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے قبضہ سے 2600 گرام سے زائد چرس برآمد کر لی،جبکہ تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 02ملزمان محمد سجاد بھٹہ اور محمد راشد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01پسٹل 30بور،01رپیٹر 12بور برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے منفی عناصر کا بھرپور تعاقب کیا جائے گا۔بہاولپور پولیس ہمہ قسم کی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی روک تھام کے لئے دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔مختلف مقدمات میں 05ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (240)

27-04-2023

**بہاولپور(          )آئی جی پنجاب کے احکامات، "نہ انتظار، نہ سفارش، نہ رشوت،" ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین کر دیا گیا، اگر کسی بھی آفیسر نے وضع کردہ پالیسی کے تحت مقدمہ کا اندراج نہ کیا تو اس آفیسر کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کیلئے جاری کردہ احکامات کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور میں مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین کر دیا، تاکہ شہریوں کو "نہ انتظار، نہ سفارش، نہ رشوت ,"کے نظریہ کے تحت خدمات فراہم کی جا سکیں۔قتل، اقدام قتل، بدکاری/ بدفعلی، اغوا برائے تاوان اور ضرر کے مقدمات میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ کے حصول کے بعد 8 گھنٹے کے دورانیہ میں درج کیے جائیں گے۔اسی طرح چھینا جھپٹی، چوری، گاڑی کا چھیننا، گاڑی چوری، ڈکیتی اور راہزنی کے مقدمات کے اندراج کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 24 گھنٹے ہے جبکہ مالیاتی دستاویزات و معاملات سے متعلق مقدمات کا اندراج زیادہ سے زیادہ 5 دن کے اندر اندر ہوگا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگر کسی بھی آفیسر نے وضع کردہ پالیسی کے تحت مقدمہ درج نہ کیا یا تاخیر سے کیا تو اس متعلقہ آفیسر کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا، روزانہ کی بنیاد پر پراگرس چیک کروں گا، اور شہریوں سے فیڈ بیک لیا جائے گا، ڈی پی او نے مزید کہا کہ اگر کسی شہری کو اس معاملہ میں پولیس سے کوئی بھی شکایت ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، شہریوں کی شکایت کا ہر ممکن ازالہ کیا جائے گا

**ترجمان پولیس بہاولپور**




بہاولپور: ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی جانب سے مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین